قطر میں زیر حراست 8 ہندوستانیوں کے کیس کا فیصلہ

26 اکتوبر 2023

ہمیں ابتدائی اطلاع ملی ہے کہ قطر کی عدالت نے آج الدہرہ کمپنی کے 8 ہندوستانی ملازمین کے سلسلے میں فیصلہ جاری کیا ہے۔

ہم سزائے موت کے فیصلے پر اپنے گہرے صدمے کا اظہار کرتے ہیں اور فی الحال ایک جامع فیصلے کا انتظار کر رہے ہیں۔ ہم تمام دستیاب قانونی راستے تلاش کرتے ہوئے خاندان کے اراکین اور قانونی ٹیم دونوں کے ساتھ رابطہ برقرار رکھے ہوئے ہیں۔

ہم اس معاملے کو بہت اہمیت دیتے ہیں اور اس کی پیش رفت پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔ قونصلر اور قانونی مدد فراہم کرنے کا ہمارا عزم مضبوط ہے، اور ہم اس فیصلے کو قطری حکام کے ساتھ اٹھائیں گے۔

ان کارروائیوں کی خفیہ نوعیت کے پیش نظر، اس وقت مزید تبصرہ کرنا مناسب نہیں ہوگا۔

نئی دہلی
26 اکتوبر 2023